Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کا چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سے محفوظ فیصلوں کی بلا تاخیر اعلان کا مطالبہ

2 اکتوبر 2023

- کور کمیٹی کا سائفر مقدمے کی خفیہ سماعت کے حوالے سے ایف آئی اے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرنے پر شدید تشویش کا اظہار
- ٹرائل کورٹس کی جانب سے 9 مقدمات میں تکنیکی بنیادوں (جیل میں ہونے کی وجہ سے عدم پیروی کے باعث) پر ضمانتوں کے اخراج کا معاملہ ٹرائل کورٹس کو واپس بھجوانے پر بھی حیرت کا اظہار
- آئین عمران خان کو منصفانہ سماعت کا بنیادی حق دیتا ہے۔
- بدقسمتی سے سینکڑوں جھوٹے مقدمات پر ہونے والی عدالتی کارروائیوں کے دوران قدم قدم پر انہیں اپنے اس بنیادی حق سے محروم کیا جارہا ہے۔
- انصاف میں تاخیر انصاف کے قتل کے مترادف ہے اور بنیادی قانونی نکات پر فیصلے محفوظ کرنے کی روش معیاری انصاف کی فراہمی کے عمل کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچارہی ہے۔
- چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کے روبرو چیئرمین عمران خان کے متعلق محفوظ فیصلوں کی تعداد تیزی سے بڑھ رہی ہے۔
- چیف جسٹس صاحب فیئر جسٹس کی راہ میں حائل اس بڑی رکاوٹ کو ہٹائیں اور درجن بھر محفوظ کئے گئے فیصلوں کا بلاتاخیر اعلان کریں۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

- چیئرمین عمران خان کو ضمانت کا حق دیا جائے اور دورانِ قید دیگر مقدمات میں ٹرائل کورٹس میں جاری سماعتوں کے حوالے سے بھی انصاف کے تقاضوں کے عین مطابق حکم جاری کیا جائے۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk